DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 19.09.2024

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | صحت منداور استحصال سے پاک معاشرہ ملکر تشکیل دینا ہوگا، جعفر مندوخیل | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | سرمایہ کاری کیلئے نجی شعبے کو سہولیات فراہم کی جائیں گی، وزیر اعلیٰ بگٹی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | پاک فوج کیخلاف منفی پروپیگنڈا کا نام بنادینگے، نور محمد دمڑ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 04 | جامعات کی گرانٹ ان ایڈ فارمولا کو بہتر کرنیکی ضرورت ہے، صوبائی وزراء | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | حب میں ترقیاتی منصوبے مخالفین کو ہضم نہیں ہور ہے، علی حسن | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | تیوک ڈیم بلیدہ پر تیزی کے ساتھ کام جاری ہے، ظہور بلیدی | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | کھیلوں کے فروغ کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائینگے، سیکرٹری اطلاعات | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | بلوچستان بھر میں عید میلاد النبی ﷺ عقیدت واحترام کیساتھ منائی گئی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | بلوچستان دہشت گردی سمیت دیرینہ چیلنجز کا سامنا ہے، آئی جی پولیس | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | بلوچستان دہشتگردی سے تباہ پل کی بحالی کا 40 فیصد کام مکمل | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 11 | محکمہ زکوۃ بلوچستان میں بڑے پیمانے پر بے قاعدگیوں کا انکشاف | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | ڈاکٹروں کی ایڈہاک مدت میں توسیع کے جعلی نوٹیفکیشن جاری کرنے والا کمپیوٹر آپریٹر برطرف | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | بلوچستان ہائی کورٹ کراچی، کوئٹہ، چمن روڈ کے کام میں سست روی پر اظہار برہمی فنڈز این ایچ اے کو دینے کی ہدایت | سینچری ودیگر اخبارات |
| 14 | کوئٹہ ایس ایس ٹی کے عہدے پر ترقیاں سینکڑوں اساتذہ پوسٹنگ سے محروم | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | صوبائی وزیر علی مدد جتک کی کامیابی کا نوٹیفکیشن کالعدم | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | محکمہ تعلیم نے تین سال سے غیر حاضر 114 اساتذہ برطرف کردیئے | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | کوئٹہ پولیس نے 10 لاکھ روپے کی ڈکیتی کا معمہ حل کردیا | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | جمہوریت کی مضبوطی کیلئے ایک قوم بن کر آگے بڑھنا ہوگا، کریم نوشیروانی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 19 | پی بی 45 پر الیکشن ٹریبونل کا فیصلہ حق کی فتح ہے، جمعیت علماء اسلام | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن و امان:

ڈیرہ اللہ یار پرنسپل کی ساتھیوں کے ہمراہ پانچ طلباء کیساتھ کئی بار جنسی زیادتی، ڈیرہ مراد جمالی مزدوروں پر دستی بم حملہ ایک جاں بحق دو زخمی، کوئٹہ منشیات فروش رنگے ہاتھوں گرفتار، دالبندین ڈکیتی وچوری کی وارداتیں ناکام سات ملزمان گرفتار

## عوامی مسائل:

ٹرانسپورٹ کرایوں میں کمی نہ ہونکی مسافروں کو پریشانی متعلقہ حکام خاموش، حکمران میرے والد کی بازیابی فوری یقینی بنائیں، بیٹی واحد قمر، انسداد گداگری سیل غیر فعال پیشہ ور بھکاری شہریوں کیلئے دردسر بن گئے،

CS CamScanner

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ** 19.09.2024

**اداریہ:**

روزنامہ جنگ کوئٹہ نے "**گوادر پورٹ فعال**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو جوشاندار محل وقوع اور پیش خدمت وسائل عطا کئے ہیں، ان میں تقریباً ایک ہزار میل طویل ساحل سمندر بھی ہے جس میں سے 770 میل صرف بلوچستان کی حدود میں واقع ہے۔ گوادر ابتدا میں ماہی گیروں کی بستی تھی۔ پاک چین اقتصادی راہداری (سی پیک) کی بدولت اب یہ ایک عظیم بندرگار کی شکل اختیار کر چکا ہے جو ابھی تک بین الاقوامی تجارت کیلئے اپنی وسیع گنجائش کے باوجود فعال نہیں ہوسکتی۔ جمعرات کو وفاقی کابینہ نے وزارت بحری امور کی سفارش پر تمام سرکاری اداروں کو گندم، چینی اور کھاد سمیت اپنی 50 فیصد درآمدات گوادر پورٹ کے ذریعے اندرون ملک پہنچانے کا انتظام کرنے کی منظوری دی اور ہدایت بھی کی کہ مستقبل میں اس بندرگاہ سے برآمدت کی شرح بھی بڑھائی جائے۔ ایک ذیلی کمیٹی تشکیل دی گئی جو گوادر سے درآمدات و برآمدات کی سہ ماہی رپورٹ کابینہ کو پیش کرے گی۔ گوادر بلوچستان کا علاقہ تھا جو قیام پاکستان کے وقت خلیجی ریاست اومان کے پاس تھا۔ 1958ء میں اس وقت کے وزیر اعظم ملک فیروز خان نون نے اسے خرید کر پاکستان میں شامل کیا۔

**اداریے:**

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**بلوچستان میں تعلیمی معیار کی بہتری کیلئے سخت اقدامات کی ضرورت!**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ زمانہ کوئٹہ نے "**افغان قونصل کی وضاحت اور پاکستان**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے "Hong kong convention & Gadani ship breaking" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Governance Challenges" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین:**

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**آواران عجب کرپشن کی غضب کھانی**" کے عنوان سے نصیر عبداللہ کا مضمون تحریر کیا ہے۔

**برائے ڈائریکٹر جنرل**
**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 19 SEP 2024 Page No.



کوئٹہ: گورنر جعفر مندوخیل سے صادق سنجرانی، برکت علی، سینیٹر عبدالقادر اور دیگر ملاقات کر رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA

## صحت مند اور استحصال سے پاک معاشرہ ملکر تشکیل دینا ہوگا، جعفر مندوخیل

**جمہوریت کا تصور دراصل عوام کے حقوق و اختیارات کی پاسداری کے تصور میں پیوست ہے، گورنر بلوچستان**

**جمہوریت کو مضبوط بنانے کیلئے اپنے رویوں کو جمہوری بنانا، عملی زندگی میں جمہوری طرز عمل کو اپنانا ہوگا**

**اپنے قول و فعل کو جمہوری بنانا ایک صحت مند اور تہذیب یافتہ معاشرے کی بنیاد ہے، گورنر بلوچستان**



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل صوبائی وزیر سردار سرفراز چاکر خان ڈومکی کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کا کہنا ہے کہ آج بھی جمہوریت دنیا میں جغرافیائی اور قومی حدود کے باوجود عالمی سطح پر سب سے زیادہ قبول شدہ اور ترجیحی نظام حکومت ہے۔ جمہوریت کا تصور دراصل عوام کے حقوق و اختیارات کی پاسداری کے........ بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

تصور میں پیوست ہے۔ جمہور کی جمہوریت میں ہی تمام شہریوں کی فعال شرکت، بنیادی حقوق کے تحفظ، آزادی اظہار اور سماجی انصاف کی پاسداری کو اولیت حاصل ہے لہٰذا یہ جاننا ضروری ہے کہ جمہوری نظام کو مضبوط بنا کر اور معاشرے کی عظیم اکثریت کی شمولیت کو فروغ دے کر ہم مقامی سطح پر لوگوں کے مسائل کو زیادہ موثر طریقے سے حل کر سکتے ہیں۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ مشاہدہ سے یہ بات ثابت ہے کہ کثیر القومی ریاستوں اور کثیر الطبقاتی معاشروں میں جمہوریت اپنی امتیازی خصوصیات کی وجہ سے مساوی مواقع اور سہولیات کو یقینی بنانے کیلئے نسبتاً بہتر نظام تصور کیا جاتا ہے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No

Dated: 19 SEP 2024 Page No.


## جمہوریت میں ہی عوام کے حقوق کا تحفظ ہے، گورنر

### اختلاف رائے کا احترام، رویوں کو جمہوری بنا کر جمہوریت مستحکم کی جا سکتی ہے

کوئٹہ (ع ن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل کا کہنا ہے کہ آج بھی جمہوریت دنیا میں جغرافیائی اور قومی حدود کے باوجود عالمی سطح پر سب سے زیادہ قبول شدہ اور ترقی یافتہ نظام حکومت ہے۔ جمہوریت کا تصور دراصل عوام کے حقوق و اختیارات کی پاسداری کے (باقی صفحہ 5 نمبر 7)

تصور میں پیوست ہے۔ جمہور کی جمہوریت میں ہی تمام شہریوں کی فعال شرکت، بنیادی حقوق کے تحفظ، آزادی اظہار اور سماجی انصاف کی پاسداری کو اولیت

حاصل ہے لہٰذا یہ جاننا ضروری ہے کہ جمہوری نظام کو مضبوط بنا کر اور معاشرے کی عظیم اکثریت کی شمولیت کو فروغ دے کر ہم مقامی سطح پر لوگوں کے مسائل کو زیادہ موثر طریقے سے حل کر سکتے ہیں۔ گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ مشاہدہ سے یہ بات ثابت ہے کہ کثیر القومی ریاستوں اور کثیر الثقافتی معاشروں میں جمہوریت اپنی امتیازی خصوصیات کی وجہ سے مساوی مواقع اور سہولیات کو یقینی بنانے کیلئے نسبتاً بہتر نظام تصور کیا جاتا ہے انہوں نے واضح کر دیا کہ جمہوریت کو مضبوط بنانے کیلئے اپنے رویوں کو جمہوری بنانا، عملی زندگی میں جمہوری طرز عمل کو اپنانا اور اختلاف رائے کا احترام کرنا لازمی ہے۔ کیونکہ اپنے قول و فعل کو جمہوری بنانا ایک صحت مند اور تہذیب یافتہ معاشرے کی بنیاد ہے۔ ایسا کرنے سے، ہم اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ ہر کسی کی آواز سنی جائے، دوسروں سے انصاف مانگنے کے ساتھ ساتھ اپنے ماتحت کو انصاف فراہم بھی کیا جائے اور اجتماعی سطح پر کسی کو فیصلہ سازی کے عمل میں حصہ لینے کا مساوی موقع ملے۔ آیئے ہم سب ملکر ایک صحت مند اور استحصال سے پاک معاشرہ کی تشکیل کیلئے متحد ہو جائیں جہاں ہر کسی کو آگے بڑھنے اور اپنی ذات کا اظہار کرنے کے یکساں مواقع اور سہولیات میسر ہوں۔ دریں اثناء گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل ہیلی کاپٹر کے ذریعے سابق صوبائی وزیر سردار سرفراز خان ڈومکی مرحوم کی تعزیت اور فاتحہ خوانی کیلئے ضلع سبی کی تحصیل لہڑی گئے۔ گورنر کے ہمراہ سینیٹ آف پاکستان کے سابق چیئرمین اور صوبائی اسمبلی کے رکن صادق سنجرانی، حاجی برکت رند اور زرک خان مندوخیل تھے۔ ڈسٹرکٹ سبی پہنچنے پر گورنر جعفرخان مندوخیل غمزدہ لواحقین سے تعزیت اور فاتحہ خوانی کیلئے مرحوم کی رہائش گاہ پر گئے اور مرحوم سردار سرفراز خان ڈومکی کے ایصال ثواب کیلئے دعا کی۔



گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل سے سابق چیئرمین سینیٹ اور رکن صوبائی اسمبلی محمد صادق سنجرانی، پارلیمانی سیکرٹری حاجی برکت علی، سینیٹر عبدالقادر اور سردارزادہ اورنگزیب کمیتران ملاقات کر رہے ہیں

روزنامہ ایکسپریس سینچری کوئٹہ

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 22 شمارہ 276 | جمعرات، 14 ربیع الاول، 19 ستمبر 2024، صفحات 8 قیمت 40 روپے


# بلوچستان سرمایہ کاری کے حوالے سے موزوں خطہ ہے، وزیراعلیٰ

## سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے نجی شعبہ کو ون ونڈو آپریشن کے تحت سہولیات فراہم کی جائیں گی، سرفراز بگٹی

### سرکاری سطح پر خصوصی اکنامک زون کی تشکیل کے ساتھ نجی اکنامکس زونز کی حوصلہ افزائی کی جارہی ہے، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبے میں پرائیویٹ اسپیشل اکنامک زون کی تشکیل سے متعلق جائزہ اجلاس وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں منعقد (باقی صفحہ 5 نمبر 3)

ہوا اجلاس میں صوبائی وزیر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ میر ظہور احمد بلیدی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات و منصوبہ بندی حافظ عبدالباسط، پرنسپل سیکرٹری عمران زرکون، سیکرٹری خزانہ بابر خان، سیکرٹری انڈسٹریز ورا بلوچ، ندا پرائیویٹ لمیٹڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر محمد عمران اکرام، عائشہ رشید نے شرکت کی۔ اس موقع پر حکام کی جانب سے تربت میں بھی اکنامک زون کے مجوزہ منصوبے پر وزیراعلیٰ کو بریفنگ دی گئی، اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان سرمایہ کاری کے لئے موزوں خطہ ہے صوبے میں معاشی واقتصادی سرگرمیوں میں تیزی اور نجی شعبہ میں روزگار کے مواقعوں کی فراہمی کے لئے سرکاری سطح پر خصوصی اکنامک زون کی تشکیل کے ساتھ نجی اکنامکس زون کی حوصلہ افزائی کی جارہی ہے انہوں نے کہا کہ صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے نجی شعبہ کو ون ونڈو آپریشن کے تحت سہولیات فراہم کی جائیں گی اور ہر ممکن معاونت کی جائے گی اس ضمن میں نجی اکنامک زون کی تشکیل کے لئے قابل عمل منصوبوں پر عمل درآمد کی غرض سے صوبائی حکومت نجی شعبے سے ہر تعاون کرے گی وزیراعلیٰ بلوچستان نے محکمہ انڈسٹریز کے حکام کو ہدایت کی کہ مختلف شعبوں میں صوبائی سطح کی این او سیز کا اجراء بلا تاخیر کیا جائے تاکہ نجی شعبہ تشکیل دیئے گئے منصوبوں پر عمل درآمد کا آغاز کرسکے۔

# وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ کے دروازے عام عوام کیلئے کھول دیئے گئے

### دور دراز علاقوں سے آئے سائلین کی وزیراعلیٰ سے ملاقات، مسائل پیش کیے

## عوامی مسائل کے حل میں روڑے اٹکانے والے افسران و اہلکار خود کو فارغ سمجھیں، وزیراعلیٰ

کوئٹہ (خ ن) بدھ کے روز وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ بلوچستان کے دروازے عام عوام کے لئے کھلے رہے، میر سرفراز بگٹی نے صوبے کے دور دراز علاقوں سے آئے عوام سے ملاقات کی اور ان کے مسائل کی شنوائی کی سائلین کی ایک بڑی تعداد نے وزیر اعلیٰ کو اپنے (باقی صفحہ 5 نمبر 8)

مسائل سے آگاہ کیا جس پر انہوں نے فوری احکامات جاری کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو ضروری کارروائی عمل کرنے کی ہدایت کی عوامی وفود سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ گورننس کو بہتر بنا کر عوامی مسائل کا پائیدار حل تلاش کیا جاسکتا ہے عام آدمی صحت، تعلیم اور بنیادی سہولیات سے محروم اور مختلف مسائل ومصائب کا شکار ہے عوامی مفاد عامہ کے لئے قائم ادارے اپنے مینڈیٹ کے مطابق فعال کردار ادا کریں تو 90 فیصد مسائل مقامی سطح پر ہی حل ہوسکتے ہیں، وزیراعلیٰ نے کہا کہ منصب پر فائز ہر ذمہ دار کو اپنا تفویض کردہ کار سرکار کرنا ہوگا سرکاری ملازم عوام کے خادم اور مسائل حل کرنے کے ذمہ دار ہیں اور یہ بات طے ہے کہ سرکاری اداروں میں عوام کو بے جا تنگ کرنے کا سلسلہ بند کرکے عوامی مسائل ہر صورت حل کرنے ہوں گے جائز عوامی مسائل کے حل میں روڑے اٹکانے اور غریب افراد کو مصائب سے دوچار کرنے والے افسران اور اہلکار خود کو فارغ سمجھیں ان سے کوئی رعایت نہیں ہوگی عام آدمی اپنے مسائل کا حل چاہتا ہے عوام نے صوبائی حکومت سے جو توقعات وابستہ کررکھی ہیں ان پر پورا اترنے کے لئے پوری تندہی سے کام کررہے ہیں اس ضمن میں ہر سطح پر سرکاری اہلکاروں کو بھی پوری دیانتداری اور مخلصی سے حکومت کا ساتھ دیتے ہوئے نچلی سطح پر عوامی مسائل کے حل کیلئے متحرک کردار ادا کرنا ہوگا۔

## وزیراعلیٰ کی ایشین چیمپئن شپ میں پاکستان ہاکی ٹیم کو جیت پر مبارکباد

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ایشین چیمپئن شپ ٹرافی ہاکی ٹورنامنٹ میں تیسری و چوتھی پوزیشن کیلئے کھیلے گئے میچ میں پاکستانی ٹیم کی جیت پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے پاکستان کی جیت پر پوری قوم کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے بیان میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ کوریا اور پاکستان کے مابین میچ میں پاکستانی کھلاڑیوں محمد سلیمان خان، عبدالحنان شاہد اور رومان کی پرفارمنس بہترین رہی جبکہ مجموعی طور پر پوری ٹیم نے (باقی صفحہ 5 نمبر 32)

بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ پاکستانی ٹیم کی شاندار کارکردگی پر پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر میر طارق حسین بگٹی، کپتان اور پوری ٹیم مبارکباد کی مستحق ہے ٹیم کی محنت سے پاکستان ہاکی کے کھیل میں اپنا کھویا ہوا مقام انشاء اللہ جلد دوبارہ حاصل کرے گا۔

## عید میلاد النبی، سیکورٹی انتظامات پر وزیراعلیٰ کی شاباش

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عید میلاد النبی کے موقع پر سیکورٹی کے اطمینان بخش انتظامات پر (باقی صفحہ 5 نمبر 5)

پولیس، لیویز اور ضلعی انتظامیہ کو شاباش دی ہے۔ ایک بیان میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ عید میلاد النبی کے موقع پر صوبے بھر میں امن وامان کی صورتحال تسلی بخش رہی علماء کرام نے ضلعی انتظامیہ اور لیویز و پولیس سے بھرپور تعاون کیا، جس کے باعث صوبے بھر میں عید میلاد النبی کے تمام پروگرامز بخیر وعافیت اختتام پذیر ہوئے، وزیراعلیٰ نے کہا کہ اس باہمی تعاون پر علماء کرام کے مشکور ہیں۔

## وزیراعلیٰ کی شاہ زیب رند کو ورلڈ ٹائٹل جیتنے پر مبارکباد

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ورلڈ ٹائٹل ایک بار (باقی صفحہ 5 نمبر 4)

پھر اپنے نام کرنے پر شاہ زیب رند کو مبارکباد دی ہے یہاں جاری ایک بیان میں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کراٹے کمبیٹ لیگ میں ناقابل شکست پاکستانی فائٹر شاہ زیب رند کو ایک اور فائٹ جیتنے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ شاہ زیب رند نے برازیلین حریف بردلو ایسیس کو کراٹے کومبیٹ انیرم ٹائٹل لائٹ ویٹ بیلٹ میں شکست دیکر بلوچستان اور پاکستان کا نام ایک بار پھر روشن کیا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ہمیں فخر ہے کہ بلوچستان سے تعلق رکھنے والے پاکستانی فائٹر شاہ زیب رند ابھی تک کراٹے کومبیٹ لیگ میں ناقابل شکست ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ شاہ زیب رند بلوچستان اور پاکستان کا فخر ہیں اور ایسے جوانوں کی حوصلہ افزائی حکومت کا فرض ہے۔


CS CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان


Daily: Century Express Quetta

Bullet No.

Dated: 19 SEP 2024 Page No.



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں
لوگوں کی درخواستوں پر احکامات صادر کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی سپیشل اکنامک زون تربت کے قیام سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان

Bullet No.

Page No.

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)
روزنامہ انتخاب کوئٹہ
www.dailyintekhab.pk
Intekhabnews@gmail.com
Quetta Ph:081-2822909
قیمت 30 روپے
صفحات
جلد نمبر 31 بروز جمعرات، 19 ستمبر 2024ء بمطابق 14 ربیع الاول 1446ھ شمارہ نمبر 257

# بلوچستان سرمایہ کاری کیلئے موزوں خطہ، ہر ممکن سہولیات دینگے، سرفراز بگٹی

صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے نجی شعبے کو ون ونڈو آپریشن کے تحت سہولیات فراہم کی جائیں گی اور ہر ممکن معاونت کی جائے گی

گورننس کو بہتر بنا کر عوامی مسائل کا پائیدار حل تلاش کیا جاسکتا ہے، سرکاری ملازمین عوام کے خادم ہیں، اجلاس سے خطاب، سائلین سے بات چیت

کوئٹہ (آئی این پی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبے میں پرائیویٹ اکنامک اکنامک زون کی تشکیل سے متعلق جائزہ اجلاس بدھ کے روز یہاں وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا اجلاس میں صوبائی وزیر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ میر ظہور احمد بلیدی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات و منصوبہ بندی حافظ عبدالباسط، پرنسپل سیکرٹری عمران زرکون، سیکرٹری خزانہ بابر خان، سیکرٹری انڈسٹریز درا بلوچ، ندا

بقیہ نمبر 37 صفحہ 5 پر

پرائیویٹ لمیٹڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر محمد عمران اکرام، مائشہ رشید نے شرکت کی اس موقع پر حکام کی جانب سے تربت میں نجی اکنامک زون کے مجوزہ منصوبے پر وزیراعلیٰ کو بریفنگ دی گئی، اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان سرمایہ کاری کے لئے موزوں خطہ ہے صوبے میں معاشی و اقتصادی سرگرمیوں میں تیزی اور نجی شعبہ میں روزگار کے مواقعوں کی فراہمی کے لئے سرکاری سطح پر خصوصی اکنامک زون کی تشکیل کے ساتھ نجی اکنامکس زون کی حوصلہ افزائی کی جاری ہے انہوں نے کہا کہ صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے نجی شعبہ کو ون ونڈو آپریشن کے تحت سہولیات فراہم کی جائیں گی اور ہر ممکن معاونت کی جائے گی۔ علاوہ ازیں وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ بلوچستان کے دروازے عام عوام کے لئے کھلے رہے میر سرفراز بگٹی نے صوبے کے دور دراز علاقوں سے آئے عوام سے ملاقات کی اور ان کے مسائل کی شنوائی کی سائلین کی ایک بڑی تعداد نے وزیراعلیٰ کو اپنے مسائل سے آگاہ کیا جس پر انہوں نے فوری احکامات جاری کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو ضروری کارروائی مکمل کرنے کی ہدایت کی عوامی وفود سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ گورننس کو بہتر بنا کر عوامی مسائل کا پائیدار حل تلاش کیا جاسکتا ہے عام آدمی صحت، تعلیم اور بنیادی سہولیات سے محروم اور مختلف مسائل و مصائب کا شکار ہے عوامی مفاد عامہ کے لئے قائم ادارے اپنے مینڈیٹ کے مطابق فعال کردار ادا کریں تو 90 فیصد مسائل مقامی سطح پر ہی حل ہوسکتے ہیں۔



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کو پرائیویٹ اکنامک اکنامک زون تربت کے قیام سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

## وزیراعلیٰ کا عید میلاد النبیؐ کے موقع پر سیکورٹی انتظامات پر اطمینان کا اظہار

امن وامان کی صورتحال تسلی بخش رہی، سرفراز بگٹی کی پولیس لیویز اور ضلعی انتظامیہ کو شاباش

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عید میلاد النبیؐ کے موقع پر سیکورٹی کے اطمینان بخش انتظامات پر پولیس، لیویز اور ضلعی انتظامیہ کو شاباش دی ہے۔ یہاں جاری ایک بیان میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ عید میلاد النبیؐ کے موقع پر صوبے بھر میں امن و امان کی صورتحال تسلی بخش رہی علماء کرام نے ضلعی انتظامیہ اور لیویز و پولیس سے بھرپور تعاون کیا، جس کے باعث صوبے بھر میں

بقیہ نمبر 44 صفحہ 5 پر

عید میلاد النبیؐ کے تمام پروگرام خیر و عافیت اختتام پذیر ہوئے، وزیراعلیٰ نے کہا کہ اس باہمی تعاون پر علماء کرام کے مشکور ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No.

Page No.

DAILY ZAMANA
روزنامہ زمانہ کوئٹہ
بانی: سید فصیح اقبال
چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

جلد 79 | جمعرات 19 ستمبر 2024ء 14 ربیع الاول 1446ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 257

# سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے نجی شعبہ سے ممکن تعاون کیا جائے گا ، وزیر اعلیٰ بلوچستان

معاشی واقتصادی سرگرمیوں میں تیزی اور نجی شعبہ میں روزگار کے مواقعوں کی فراہمی کے لئے سرکاری سطح پر خصوصی اکنامک زون کی تشکیل کے ساتھ نجی اکنامکس زون کی حوصلہ افزائی کی جارہی ہے

## مختلف شعبوں میں صوبائی سطح کی این او سیز کا اجراء بلا تاخیر کیا جائے تاکہ نجی شعبہ تشکیل دیئے گئے منصوبوں پر عمل درآمد کا آغاز کر سکے، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (آن لائن، اے این این) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبے میں پرائیویٹ اسپیشل اکنامک زون کی تشکیل سے متعلق جائزہ اجلاس بدھ کے روز یہاں وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا اجلاس میں صوبائی وزیر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ میر ظہور احمد بلیدی ، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات ومنصوبہ بندی حافظ عبدالباسط، پرنسپل سیکرٹری عمران زرکون، سیکرٹری خزانہ بابر خان، سیکرٹری انڈسٹریز درا بلوچ، ندا پرائیویٹ لمیٹڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر محمد عمران اکرام، عائشہ رشید نے شرکت کی اس موقع پر حکام کی جانب سے تربت میں نجی اکنامک زون کے مجوزہ منصوبے پر وزیر اعلیٰ کو بریفنگ دی گئی ، اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان سرمایہ کاری کے لئے موزوں خطہ ہے صوبے میں معاشی واقتصادی سرگرمیوں میں تیزی اور نجی شعبہ میں روزگار کے مواقعوں کی فراہمی کے لئے سرکاری سطح پر خصوصی اکنامک زون کی تشکیل کے ساتھ نجی اکنامکس زون کی حوصلہ افزائی کی جارہی ہے انہوں نے کہا کہ صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے نجی شعبہ کو ون ونڈو آپریشن کے تحت سہولیات فراہم کی جائیں گی اور ہر ممکن معاونت کی جائے گی اس ضمن میں نجی اکنامک زون کی تشکیل کے لئے قابل عمل منصوبوں پر عمل درآمد کی غرض سے صوبائی حکومت نجی شعبے سے ہر تعاون کرے گی وزیر اعلیٰ بلوچستان نے محکمہ انڈسٹریز کے حکام کو ہدایت کی کہ مختلف شعبوں میں صوبائی سطح کی این او سیز کا اجراء بلا تاخیر کیا جائے تاکہ نجی شعبہ تشکیل دیئے گئے منصوبوں پر عمل درآمد کا آغاز کر سکے ۔ دریں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بدھ کو ضلع سبی کی تحصیل لہڑی پہنچے جہاں انہوں نے ڈومکی ہاؤس میں مرحوم سردار سرفراز خان ڈومکی کی وفات پر ان کے بڑے فرزند میر کوہیار خان ڈومکی، بھائی میر حیر بیار خان ڈومکی اور دیگر لواحقین سے تعزیت وفاتحہ خوانی کی وزیر اعلیٰ کے ہمراہ اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی، سینٹر میر عبدالقدوس بزنجو، صوبائی وزیر میر ظہور بلیدی ، بخت محمد کاکڑ، پارلیمانی سیکرٹری میر لیاقت علی لہڑی بھی موجود تھے، وزیر اعلیٰ بلوچستان نے مرحوم سردار سرفراز چاکر ڈومکی کے فرزند میر کوہیار خان ڈومکی اور دیگر لواحقین سے ہمدردی اور افسوس کا اظہار کیا وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے مرحوم سردار سرفراز چاکر خان ڈومکی کی خدمات کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ مرحوم ایک معتبر قبائلی شخصیت ہونے کے ساتھ ساتھ کہنہ مشق سیاستدان اور ملنسار انسان تھے۔



وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی پرائیویٹ اسپیشل اکنامک زون تربت کے قیام سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No.

Page No.

THE DAILY
BAAKHABAR
QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ
بانی اکرام اللہ خان

جلد 28 جمعرات 19 ستمبر 2024ء بمطابق 14 ربیع اوّل 1446ھ قیمت 20 روپے شمارہ 256

صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ کے لئے

# نجی شعبہ کو ون ونڈو آپریشن کے تحت سہولتیں فراہم کی جائینگی،سرفراز بگٹی

## بلوچستان سرمایہ کاری کے لئے موزوں خطہ ہے ہر ممکن معاونت کی جائے گی نجی اکنامک زون کی حوصلہ افزائی بھی کی جارہی ہے

نجی اکنامک زون کیلئے قابل عمل منصوبوں پر عمل درآمد کی غرض سے صوبائی حکومت محکمہ انڈسٹریز کو صوبائی سطح کی این او سیز کا اجراء کیا جائے، وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبے میں پرائیویٹ اسپیشل اکنامک زون کی تشکیل سے متعلق جائزہ اجلاس بدھ کے روز یہاں وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا اجلاس میں صوبائی وزیر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ میر ظہور احمد بلیدی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات ومنصوبہ بندی حافظ عبدالباسط، پرنسپل سیکرٹری عمران زرکون، سیکرٹری خزانہ بابر خان، سیکرٹری انڈسٹریز درا بلوچ، ندا پرائیویٹ لمیٹڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر محمد عمران اکرام، عائشہ رشید نے شرکت کی اس موقع پر حکام کی جانب سے تربت میں نجی اکنامک زون کے مجوزہ منصوبے پر وزیراعلیٰ کو بریفنگ دی گئی، اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان سرمایہ کاری کے لئے موزوں خطہ ہے صوبے میں معاشی واقتصادی سرگرمیوں میں تیزی اور نجی شعبہ میں روزگار کے مواقعوں کی فراہمی کے لئے سرکاری سطح پر خصوصی اکنامک زون کی تشکیل کے ساتھ نجی اکنامکس زون کی حوصلہ افزائی کی جارہی ہے انہوں نے کہا کہ صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے نجی شعبہ کو ون ونڈو آپریشن کے تحت سہولیات فراہم کی جائیں گی اور ہر ممکن معاونت کی جائے گی اس ضمن میں نجی اکنامک زون کی تشکیل کے لئے قابل عمل منصوبوں پر عمل درآمد کی غرض سے صوبائی حکومت نجی شعبے سے ہر تعاون کرے گی وزیراعلیٰ بلوچستان نے محکمہ انڈسٹریز کے حکام کو ہدایت کی کہ مختلف شعبوں میں صوبائی سطح کی این او سیز کا اجراء بلا تاخیر کیا جائے تاکہ نجی شعبہ تشکیل دیئے گئے منصوبوں پر عمل درآمد کا آغاز کر سکے۔



کوئٹہ: وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کو پرائیویٹ اسپیشل اکنامک زون تربت کے قیام سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. Page No.

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی صدیق بلوچ

جلد نمبر-23 | جمعرات 19 ستمبر 2024ء بمطابق 14 ربیع الاول 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر-255


# بلوچستان سرمایہ کاری کیلئے موزوں خطہ ہے سرمایہ کاروں کو معاونت فراہم کرینگے

سرفراز بگٹی

**صوبے میں معاشی واقتصادی سرگرمیوں میں تیزی اور نجی شعبہ میں روزگار کے مواقعوں کی فراہمی کے لئے سرکاری سطح پر خصوصی اکنامک زون کی تشکیل کے ساتھ نجی اکنامکس زون کی حوصلہ افزائی کی جارہی**

**صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے نجی شعبہ کو ون ونڈو آپریشن کے تحت سہولیات فراہم کی جائیں گی اور ہر ممکن معاونت کی جائے گی اس ضمن میں نجی اکنامک زون کی تشکیل کے لئے تعاون کریں گے**

**صوبائی حکومت نجی شعبے سے ہر تعاون کرے گی وزیراعلیٰ بلوچستان نے محکمہ انڈسٹریز کے حکام کو ہدایت کی کہ مختلف شعبوں میں صوبائی سطح کی این او سیز کا اجراء بلاتاخیر کیا جائے**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبے میں پرائیویٹ اسپیشل اکنامک زون کی تشکیل سے متعلق جائزہ اجلاس بدھ کے روز یہاں وزیراعلیٰ

(بقیہ نمبر 11 صفحہ نمبر 2 پر)

سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا اجلاس میں صوبائی وزیر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ میر ظہور احمد بلیدی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات ومنصوبہ بندی حافظ عبدالباسط، پرنسپل سیکرٹری عمران زرکون، سیکرٹری خزانہ بابر خان، سیکرٹری انڈسٹریز درا بلوچ، نما پرائیویٹ لیمٹڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر محمد عمران اکرام، عائشہ رشید نے شرکت کی اس موقع پر حکام کی جانب سے تربت میں نجی اکنامک زون کے مجوزہ منصوبے پر وزیراعلیٰ کو بریفنگ دی گئی، اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان سرمایہ کاری کے لئے موزوں خطہ ہے صوبے میں معاشی واقتصادی سرگرمیوں میں تیزی اور نجی شعبہ میں روزگار کے مواقعوں کی فراہمی کے لئے سرکاری سطح پر خصوصی اکنامک زون کی تشکیل کے ساتھ نجی اکنامکس زون کی حوصلہ افزائی کی جارہی ہے انہوں نے کہا کہ صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے نجی شعبہ کو ون ونڈو آپریشن کے تحت سہولیات فراہم کی جائیں گی اور ہر ممکن معاونت کی جائے گی اس ضمن میں نجی اکنامک زون کی تشکیل کے لئے قابل عمل منصوبوں پر عمل درآمد کی غرض سے صوبائی حکومت نجی شعبے سے ہر تعاون کرے گی وزیراعلیٰ بلوچستان نے محکمہ انڈسٹریز کے حکام کو ہدایت کی کہ مختلف شعبوں میں صوبائی سطح کی این او سیز کا اجراء بلاتاخیر کیا جائے تاکہ نجی شعبہ تشکیل دیئے گئے منصوبوں پر عمل درآمد کا آغاز کر سکے

## وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ بلوچستان کے دروازے عام عوام کیلئے کھلے رہے

**میر سرفراز بگٹی نے صوبے کے دور دراز علاقوں سے آئے عوام سے ملاقات کی**

کوئٹہ (خ ن) بدھ کے روز وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ بلوچستان کے دروازے عام عوام کے لئے کھلے رہے میر سرفراز بگٹی نے صوبے کے دور دراز علاقوں سے آئے عوام سے ملاقات کی اور ان کے مسائل کی شنوائی کی سائلین کی ایک بڑی تعداد نے وزیراعلیٰ کو اپنے

(بقیہ نمبر 47 صفحہ نمبر 7 پر)

مسائل سے آگاہ کیا جس پر انہوں نے فوری احکامات جاری کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو ضروری کارروائی مکمل کرنے کی ہدایت کی عوامی وفود سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ گورننس کو بہتر بنا کر عوامی مسائل کا پائیدار حل تلاش کیا جاسکتا ہے عام آدمی صحت، تعلیم اور بنیادی سہولیات سے محروم اور مختلف مسائل ومصائب کا شکار ہے عوامی مفاد عامہ کے لئے قائم ادارے اپنے مینڈیٹ کے مطابق فعال کردار ادا کریں تو 90 فیصد مسائل مقامی سطح پر ہی حل ہوسکتے ہیں، وزیراعلیٰ نے کہا کہ منصب پر فائز ہر ذمہ دار کو اپنا تفویض کردہ کار سرکار کرنا ہوگا سرکاری ملازم عوام کے خادم اور مسائل حل کرنے کے ذمہ دار ہیں اور یہ بات طے ہے کہ سرکاری اداروں میں عوام کو بے جا تنگ کرنے کا سلسلہ بند کرکے عوامی مسائل ہر صورت حل کرنے ہوں گے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان


# Balochistan Times

92 NEWS MEDIA GROUP

Founded by Syed Faseih Iqbal in 1976

balochistantimes.pk · @balochistantimes.pk · BTimes_pk

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 863 QUETTA Thursday September 19, 2024 /Rabi ul Awal 14, 1446 Rs: 30




**QUETTA:** Balochistan Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti talking to IG Police Balochistan Muazzam Jah Ansari, who calls on him on Wednesday.

# CM Balochistan opens doors to public, addresses grievances

## Pledges providing facilities to lure more private sector investment

**Staff Report**

**LAHRI/QUETTA:** Balochistan Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti visited Tehsil Lahri of Sabi district on Wednesday to offer condolences the family of late Sardar Sarfraz Khan Domki especially with his elder son Mir Kohyar Khan Domki, brother Mir Heer Bayar Khan Domki and other grieving relatives.

Balochistan Assembly Speaker Abdul Khaliq Achakzai, Center Mir *Abdul Qadoos Bizenjo, Provincial Minister Mir Zahoor Bilidi, Bakht Muhammad Kakar, Parliamentary Secretary Mir Liaqat Ali Lahri were also present along with the CM Balochitan during his visit to Domki House to offer fatiha with the* bereaved family members. Expressing sympathy and grief to Khan Domki and other family members, CM Bugti paid great tribute to the services of late Sarfaraz Domki and said that the deceased was a respected tribal figure and politician and a friendly person.

CM Balochistan stated that Domki worked selflessly and played a consistently positive role in political affairs, demonstrating patience, civility, and politeness." Separately, the doors of CM Balochistan's Secretariat were open to the general public, where he listened to the problems of the people, who came from remote areas of the province. Bugti issued urgent orders and directed the relevant authorities to take swift necessary actions for redressal of public complaints. CM Balochistan said that 'sustainable solutions to public problems can be ensured with improving governance. People are deprived of health, education and basic facilities and suffer from various problems. If the institutions established for the public interest play an active role according to their 'mandate, then 90% of the problems can be solved at the local level, the Chief Minister said. Public servants are the servants of the public and are responsible for solving problems, he added.

CM Balcohistan emphasised that the officials, who were creating stumbling block in the solution of legitimate public problems and make the poor people suffer, would face the music, as no leniency would be shown in this regard. He urged them to work diligently to fulfil their professional duties and all public servants must play a proactive role to solve public problems at the grassroots level by supporting the government with full honesty and sincerity.

Meanwhile, CM Balochistan said that facilities would be provided to the private sectors under one window operation to promote investment in the province. He expressed these views while chairing a review meeting on the creation of a private special economic zone in the province. The meeting was attended by Provincial Minister for Planning and Development Mir Zahoor Ahmad Buledi, Chief Secretary Balochistan Shakeel Qadir Khan, Additional Chief Secretary for Development and Planning Hafiz Abdul Basit, Principal Secretary Imran Zarkoon, Finance Secretary Babar Khan, Secretary Industries Dura Baloch, Chief Executive Officer of Nida Pvt Ltd Muhammad Imran Akram and Ayesha Rasheed.

On this occasion, the Chief Minister was briefed by the authorities on the proposed project of private economic zone in Turbat. Addressing at the meeting, he said that Balochistan is a suitable province for investment to speed up economic activities in the area and to create a special economic zone at the government level to provide employment opportunities in the private sector saying that private economic zones are also being encouraged. He said that the provincial government would cooperate with the private sector for the purpose of implementing viable projects for the formation of private economic zones, he said. The Chief Minister directed the officials of the Industries Department to issue provincial level NOCs in various sectors without delay so that the private sector could start implementing the projects.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Dated: 19 SEP 2024 Page No.

Bullet No.

## سائنس وانفارمیشن ٹیکنالوجی کی اہمیت سے انکار ممکن نہیں، سلیم کھوسہ

### جدید سائنسی علوم سے ہی اقوام کی زندگیوں میں مثبت تبدیلیاں رونما ہوتی ہیں

کوئٹہ (اے پی پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر وصوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ نے کہا ہے کہ دور جدید میں سائنس وانفارمیشن ٹیکنالوجی کی اہمیت سے انکار ممکن نہیں ہیں، جدید سائنسی علوم سے ہی اقوام کی زندگیوں میں مثبت تبدیلیاں رونما ہوتی ہے۔ تعلیم اور انفراسٹرکچر کے شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنے سے ترقی کی نئی راہیں کھلیں گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اے پی پی سے خصوصی بات چیت .......... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

کرتے ہوئے کیا۔ میر سلیم کھوسہ نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں حکومت بلوچستان نوجوانوں کو نئی جدید علوم کے حصول کیلئے بھرپور مواقع فراہم کر رہی ہے، آکسفورڈ یونیورسٹی سمیت مختلف جامعات میں بلوچستان کے نوجوانوں کو پڑھنے کے مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں جس کے انتہائی مثبت نتائج برآمد ہوں گے، انہوں نے کہا کہ دور جدید میں سائنس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے بڑھتے ہوئے استعمال اور اس کی اہمیت سے انکار ممکن نہیں ہے

### وزیر خزانہ شعیب نوشیروانی کا بی پی پی آر اے کا دورہ

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ بلوچستان شعیب نوشیروانی نے بلوچستان پبلک پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی (BPPRA) کا دورہ کیا۔ BPPRA کے منیجنگ ڈائریکٹر مجیب الرحمان پانیزئی اور تمام ڈائریکٹرز اور پروکیورمنٹ ماہرین نے ان کا.......... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

پرتپاک خیر مقدم کیا۔ وزیر کو بی پی پی آر اے ایکٹ کے مطابق آپریشنل فریم ورک اور کاموں کے بارے میں ایک جامع واقفیت فراہم کی گئی دورے کے دوران صوبائی وزیر خزانہ کو بلوچستان الیکٹرانک پبلک پروکیورمنٹ سسٹم (ای پی پی ایس) کے بارے میں بریفنگ دی گئی، جس میں اس کی متنوع فعالیت اور آپریشنل صلاحیتوں کے بارے میں بھی آگاہی فراہم کی گئی۔ صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے دفتر کے مختلف شعبوں کو دورہ کیا، وہ تمام عملے کے ارکان اور تنظیم سے وابستہ افسران کے ساتھ خوش دلی سے مشغول رہے۔

## بلوچستان کی جامعات کے فنڈز کی تقسیم کے فارمولے کی منظوری

### اجلاس میں شرکاء یونیورسٹیز کے سب کیمپسز کیلئے الگ ڈی ڈی اوز پر بھی متفق

کوئٹہ (خ ن) چیئرمین یونیورسٹیز فنانس کمیشن صوبائی وزیر خزانہ ومعدنیات میر شعیب نوشیروانی و کوچیئرمین صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان کے زیر صدارت یونیورسٹیز فنانس کمیشن کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سکریٹری ہائر ایجوکیشن حافظ محمد طاہر، ایڈیشنل سکریٹری خزانہ اور تجربہ کار اور صوبے کے تمام جامعات کے وائس چانسلرز نے شرکت کی۔ صوبائی وزیر خزانہ ومعدنیات میر شعیب نوشیروانی نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہماری حکومت تعلیم کے.......... بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

فروغ کو اولیت دے رہی ہے اور ہم اپنے دستیاب وسائل میں تعلیم کی فروغ کے لیے ٹھوس اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں تعلیم وجدید سائنسی علوم سے ہی قوموں کی زندگی میں مثبت تبدیلیاں رونما ہوتی ہیں آج کی دور میں سائنس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کی اہمیت سے کوئی ذی شعور انسان انکار نہیں کرسکتا ہے کیونکہ ان کے ترقی اور نئے ایجادات سے انسان کی زندگی پر مثبت اثرات مرتب ہو رہے ہیں اور ان ہی کی بدولت زندگی کی مختلف شعبوں میں انقلابی تبدیلیاں رونما ہو رہی جس سے انسان مستفید ہو رہا ہے

INTEKHAB QUETTA

## نبی اکرم ﷺ کی سیرت، اخلاق اور تعلیمات ہمارے لیے مشعل راہ ہیں، بخت محمد کاکڑ

### ہم ان کی تعلیمات کو اپنی زندگیوں میں شامل کر کے دنیا و آخرت میں کامیابی حاصل کر سکتے ہیں

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بخت محمد کاکڑ نے یوم ولادت النبی ﷺ کے موقع پر اپنے تہنیتی پیغام میں کہا کہ یہ دن مسلمانوں کے لیے خاص برکت اور عظمت کا حامل ہے، کیونکہ اس دن رحمت للعالمین حضرت محمد ﷺ دنیا میں تشریف لائے۔ انہوں نے کہا کہ نبی اکرم ﷺ کی سیرت، اخلاق اور تعلیمات ہمارے لیے مشعل راہ ہیں، اور ہم ان کی تعلیمات کو اپنی زندگیوں میں نافذ کر کے دنیا وآخرت میں کامیابی حاصل کر سکتے ہیں صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ نبی ﷺ کی تعلیمات انسانیت کے لیے امن، محبت اور انصاف کا پیغام ہیں، جنہیں اپنا کر ہم دنیا میں مثبت تبدیلی لا سکتے ہیں۔ انہوں نے تمام مسلمانوں سے اپیل کی کہ وہ اس مبارک دن کو نبی ﷺ کی سیرت اور اسلامی اصولوں پر عمل پیرا ہونے کے عزم کے ساتھ منائیں۔ آخر میں صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ وہ ہمیں نبی اکرم ﷺ کی تعلیمات پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے، اور ہمیں اسلامی اصولوں کے مطابق زندگی گزارنے کی ہدایت دے تاکہ ہم دنیا اور آخرت میں کامیاب ہو سکیں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No

Dated: 19 SEP 2024 Page No.


## کھیلوں کے فروغ کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائیں گے، سیکرٹری اطلاعات

[illegible]

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری اطلاعات اور چیئرمین بلوچستان تھرو بال ایسوسی ایشن عمران خان آفریدی نے کہا ہے کہ صوبے میں کھیلوں کے فروغ اور صوبے کے باصلاحیت کھلاڑیوں کو تمام تر سہولیات کی فراہمی کیلئے صوبائی سطح پر ہر ممکن اقدامات اٹھائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آل کوئٹہ انٹر اسٹینیوشنز منسٹر ایجوکیشن راحیلہ حمید درانی بوائز تھرو بال لیگ ٹورنامنٹ کے فائنل میچ کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ فائنل میچ کی شیخان سکول اور سبزل سکول کے مابین کھیلا گیا جو سبزل سکول کی ٹیم نے جیت لیا۔ اس موقع پر صوبائی سیکرٹری اطلاعات و چیئرمین تھرو بال ایسوسی ایشن نے کہا کہ نوجوان کھلاڑی کھیلوں میں خصوصی دلچسپی لے کر ملک و صوبے کا نام روشن کر سکتے ہیں۔ ہماری بھرپور کوشش ہے کہ ہم کھلاڑیوں کو تمام بنیادی سہولیات فراہم کریں۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت کھیل اور کھلاڑیوں کی معاونت کیلئے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ تقریب کے اختتام پر انہوں نے کھلاڑیوں اور آفیشلز میں انعامات تقسیم کیے۔



کوئٹہ: سیکرٹری اطلاعات عمران خان و دیگر تھرو بال لیگ ٹورنامنٹ کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں


Century Express Quetta


## کھلاڑیوں کو تمام سہولیات فراہم کی جائینگی، عمران خان آفریدی

### نوجوان کھیلوں میں خصوصی دلچسپی لے کر ملک وصوبے کا نام روشن کر سکتے ہیں

### سیکرٹری اطلاعات کا آل کوئٹہ تھرو بال ٹورنامنٹ کی اختتامی تقریب سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری اطلاعات بلوچستان اور چیئرمین بلوچستان تھرو بال ایسوسی ایشن عمران خان آفریدی نے کہا ہے کہ صوبے میں کھیلوں کے فروغ اور صوبے کے باصلاحیت کھلاڑیوں کو تمام تر سہولیات کی فراہمی کیلئے صوبائی سطح پر ہر ممکن اقدامات اٹھائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آل کوئٹہ انٹر انسٹیٹیوشنز منسٹر ایجوکیشن راحیلہ حمید خان درانی بوائز تھرو بال لیگ ٹورنامنٹ کے فائنل میچ کے اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ فائنل میچ کی (باقی صفحہ 5 نمبر 26)

شیخان سکول اور سبزل سکول کے مابین کھیلا گیا جو سبزل سکول کی ٹیم نے جیت لیا۔ اس موقع پر صوبائی سیکرٹری اطلاعات و چیئرمین تھرو بال ایسوسی ایشن نے کہا کہ نوجوان کھیلوں میں خصوصی دلچسپی لے کر ملک وصوبے کا نام روشن کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہماری بھرپور کوشش ہے کہ ہم اپنے کھلاڑیوں کو تمام بنیادی سہولیات فراہم کریں انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت کھیل اور کھلاڑیوں کی معاونت کیلئے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ تقریب کے اختتام پر صوبائی سیکرٹری نے کھلاڑیوں اور آفیشلز میں انعامات تقسیم کیے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No.

Dated: 19 SEP 2024 Page No.


## ماہ اگست میں 164 اسکول دوبارہ کھولے گئے ہیں، ترجمان صوبائی حکومت

### 532 غیر حاضر اساتذہ کی تنخواہوں میں 76 لاکھ 90 ہزار روپے کی کٹوتی کی گئی

کوئٹہ (یو این اے) حکومت بلوچستان کے ترجمان شاہد رند نے سماجی رابطے ویب سائٹ (ایکس) پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان کی تاریخ میں پہلی بار وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں محکمہ تعلیم نے "ضلع کی سطح پر تعلیمی خدمات کی بہتری" پر کام شروع کیا۔ صرف اگست کے مہینے میں، 164 اسکول دوبارہ کھولے گئے، 160 اسکول اساتذہ کی معطلی کی سفارش کی گئی، جبکہ 532 غیر حاضر بقیہ نمبر 15 صفحہ 5 پر

اساتذہ کی تنخواہوں میں 76 لاکھ 90 ہزار روپے کی کٹوتی کی گئی۔

## کوئٹہ شہر میں پرائس کنٹرول اور تجاوزات کے خلاف کاروائیاں جاری ہی

### خلاف ورزی کرنے پر 11 دکاندار گرفتار 6 دکانیں سیل اور 16 دکانداروں پر جرمانے عائد

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی ہدایت پر شہر میں پرائس کنٹرول اور تجاوزات کے خلاف کاروائیاں جاری ہیں۔ اس سلسلے میں ضلعی انتظامیہ کے زیرنگرانی کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں گرانفروشوں کے خلاف کاروائیاں کی گئیں۔ ضلعی انتظامیہ کی ٹیموں نے کچلاک بازار، بلیلی، ہمنگی، نواں کلی، عالمو چوک، منو جان روڈ، سریاب روڈ، برما ہوٹل، منیر احمد خان روڈ، طوغی روڈ اور کاسی روڈ پر 140 دکانوں کا معائنہ کیا۔ جس میں دودھ فروش، بیف شاپس مٹن شاپس چکن شاپس اور تندور شاپس شامل ہیں۔ اس دوران سرکاری نرخنامے کے خلاف ورزی کرنے پر 11 دکانداروں کو گرفتار کر کے 6 دکانیں سیل اور 16 دکانداروں پر جرمانے عائد کردیے گئے جبکہ 29 دکانداروں کو سخت وارننگ جاری کیے۔ علاوہ ازیں عوامی شکایات کے پیش نظر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی ہدایات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر (کچلاک) بہادر خان نے بقیہ نمبر 66 صفحہ 5 پر

کچلاک بازار میں تجاوزات کے خلاف کاروائیاں کیں۔ اس دوران سڑک پر کھڑی ریڑھیوں اور دکانوں کے سامنے تھڑوں بڑے سائن بورڈز کے خلاف کاروائیاں ہوئیں سڑک سے تمام ریڑھیاں ہٹالیے اور دکانوں کے سامنے تھڑوں کو بھی مسمار کردیا اس کچلاک میں بازار کی سڑک کو مکمل طور پر کلیر کرکے ہر قسم ٹریفک کے لیے کھول دیا۔ اسسٹنٹ کمشنر کچلاک نے کاروائی کے دوران متعدد دکانداروں کو بھی گرفتار کرلیے جبکہ درجنوں دکانداروں کو سخت وارننگ جاری کرتے ہوے کہا کہ ضلعی انتظامیہ روزانہ کی بنیاد پر تجاوزات کے خلاف کاروائی کریگی جس دکاندار نے بھی خلاف ورزی کی یا اپنے حدود سے باہر سامان رکھا یا تھڑا بنایا اسکے خلاف سخت کاروائی کی جائیگی۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. Dated: 19 SEP 2024 Page No.

## جامعات کی فنانس کمیٹی کا اجلاس، اہم فیصلے کیے گئے

### گرانٹ ان ایڈ فارمولے کا جائزہ، تجاویز پر غور کے بعد منظور کر لیا گیا

**اجلاس کی صدارت وزیر تعلیم اور وزیر خزانہ نے کی، کنٹریکٹ ملازمین کو ریگولر کرنے کا فیصلہ**

کوئٹہ (ح ن) صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی اور صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی کی زیر صدارت جامعات کی فنانس کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں تمام جامعات کے وائس چانسلر صاحبان نے شرکت کی دور دراز علاقوں کے وی سی صاحبان بذریعہ (باقی صفحہ 5 نمبر 36)

وڈیو لنک اجلاس میں شریک ہوئے۔ اجلاس میں کمیٹی نے اپنی مرتب کردہ سفارشات پیش کی۔ اجلاس میں انتہائی اہم فیصلے کئے گئے جس میں صوبائی حکومت کی جانب سے ہر سال جامعات کو دی جانے والے گرانٹ ان ایڈ کو ایک فارمولا کے تحت تقسیم کیا جاتا رہا۔ اجلاس میں تمام وی سی صاحبان اور کمیٹی کے اراکین نے تجویز دی کہ اس کو بہتر کرنے کی ضرورت ہے۔ سفارشات پر وزیر تعلیم اور وزیر خزانہ، سیکرٹری ایجوکیشن اور خزانہ کی ٹیم نے تمام قانونی پہلوؤں کا جائزہ لیا اور معمولی رد و بدل کے ساتھ منظور کیا۔ اجلاس میں جامعات کے دور دراز کیمپس کی مشکلات کو بھی زیر بحث لایا گیا، جیسے بلوچستان یونیورسٹی کا کیمپس خاران میں ہے یا مستونگ میں ہے تو ان کے مالی معاملات یہاں کوئٹہ میں یونیورسٹی سے طے ہوتے تھے اور اس میں کافی تاخیر ہو جاتی تھی۔ اجلاس میں فیصلہ ہوا کہ یونیورسٹی کیمپس کے ڈائریکٹر صاحبان کو ڈی ڈی او اختیارات دیئے جائیں گے تاکہ مسائل بروقت حل ہوں۔ اجلاس میں فیصلہ ہوا کہ یونیورسٹی ملازمین کی پروموشن کرنا وہ یونیورسٹی کا اختیار ہے لہذا یونیورسٹی کی خودمختاری کو چیلنج نہیں کرتے، وہ اپنے رولز کے مطابق پروموشن کریں اور اپنی یونیورسٹی کے فنانس اینڈ پلاننگ کی کمیٹی جو اس کے ایکٹ کے اندر ہے تو وہ جو بھی پروموشن کروائے گا اجازت ضرور لے گا۔ اجلاس میں یونیورسٹی کنٹریکٹ ملازمین کو قوانین کے مطابق ریگولر کرنے کا بھی فیصلہ ہوا۔

## ڈی سی کوئٹہ نے جشن میلاد النبی کے سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لیا

**علماء کرام اپنے خطبات میں نبی اکرم کی حیات طیبہ پر روشنی ڈالیں، سعد بن اسد**

کوئٹہ (ح ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) سعد بن اسد نے جشن عید میلاد النبی کے سلسلے میں تمام انتظامات کا جائزہ لیا جنگ اسٹاپ، بازار، لیاقت بازار، میزان چوک سمیت دیگر مقامات پر عید میلاد النبی کے سلسلے میں سیکورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے تھے ڈپٹی کمشنر نے جلوسوں کے روٹس پر معمور پی ڈی ایم اے کو سکواش کے کام کا بھی جائزہ لیا تمام جلوس اپنے مقررہ روٹ سے نکالے گئے روٹس کی سرچنگ، سویپنگ کا عمل بھی جاری رہا ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے جائزے کے موقع پر تمام افسران اور پولیس اہلکاروں کو ہدایات دیں کہ اپنی تمام تر توجہ جلوسوں کے شرکاء کے تحفظ پر مرکوز رکھیں مشکوک افراد کی مکمل جامع تلاشی کے بعد ہی انہیں جلوس میں شریک ہونے دیا جائے جلوس کے شرکاء کی جان کے تحفظ کے لیے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے غیر معمولی انتظامات کیے گئے ہیں جلوس کی گزرگاہوں پر بھی کڑی نظر رکھیں بعد ازاں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) سعد بن اسد سے میلاد کمیٹی کے شرکاء نے بھی ملاقات کی ڈپٹی کمشنر نے ان سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ علماء کرام اپنے خطبات میں نور وہ جہاں حضرت محمد کی حیات طیبہ پر بہتر معنوں میں روشنی ڈالیں مسلمانوں میں آپس میں اتحاد و اتفاق کا مظاہرہ کرنے کے حوالے سے زیادہ سے زیادہ شعور بیدار کریں۔

MASHRIQ QUETTA

## گوادر پورٹ کے سیکورٹی نظام کو جدید خطوط پر استوار کر دیا گیا، سسٹم کا باقاعدہ آغاز

### نئے نظام کے تحت کاروباری حضرات، سرمایہ کار، سیاح، ملازمین اور مزدوروں کو بہتر سہولیات فراہم کی جائیں گی

**گوادر پورٹ میں داخلہ اور آمد و رفت کا نظام جدید و منظم ہو جائے گا، ہدایت الرحمان بلوچ، پسند خان بلیدی کا خطاب**

گوادر (ح ن) گوادر پورٹ کے سیکورٹی نظام کو جدید خطوط پر استوار کر دیا گیا ہے، جس کی افتتاحی تقریب میں رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے فیتہ کاٹ کر نئے سیکورٹی سسٹم کا باقاعدہ آغاز کیا۔ گوادر پورٹ اتھارٹی کے چیئرمین پسند خان بلیدی کی کاوشوں سے نصب کیے جانے والے اس الیکٹرک سیکورٹی سسٹم نے پورٹ کی سیکورٹی کو مزید مضبوط اور موثر بنا دیا ہے۔ افتتاحی تقریب ......... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

میں مولانا ہدایت الرحمان بلوچ اور پسند خان بلیدی نے جدید سیکورٹی سسٹم کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ اس نئے نظام کے تحت گوادر پورٹ میں آنے والے کاروباری حضرات، سرمایہ کار، سیاح، ملازمین اور مزدوروں کو بہتر سہولیات فراہم کی جائیں گی، جبکہ پورٹ کی حفاظت بھی مزید موثر ہو جائے گی۔ سسٹم کی تنصیب سے گوادر پورٹ میں داخلہ اور آمد و رفت کا نظام جدید اور منظم ہو جائے گا

## کوئٹہ میں 10 سالہ بچے میں کانگو وائرس کی تصدیق

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں 10 سالہ بچے میں کانگو وائرس کی تصدیق ہو گئی۔ ہسپتال ذرائع کے مطابق بچے کو فاطمہ جناح انسٹیٹیوٹ آف چیسٹ ڈیزیز کوئٹہ کے آئسولیشن وارڈ میں کانگو وائرس کا شکار دس سالہ ......... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

بچے کو داخل کیا گیا جس کا تعلق کوئٹہ سے ہے، ہسپتال ذرائع کے مطابق مریض میں کانگو وائرس کی تصدیق ہونے کے بعد رواں سال کانگو وائرس کے رپورٹ ہونے والے کیسز تعداد 63 ہو گئی۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. Dated: 19 SEP 2024 Page No.


## ڈیرہ اللہ یار: پرنسپل کی ساتھیوں کے ہمراہ 5 طلبا کیساتھ کئی بار جنسی زیادتی

### میڈیکل رپورٹ میں تصدیق ہوگئی، پرنسپل اور وارڈن گرفتار، اسکول اور ہاسٹل سیل

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ڈیرہ اللہ یار میں نجی سکول کا پرنسپل اپنے ساتھیوں کے ہمراہ پانچ طلبا کو جنسی زیادتی کا نشانہ بناتا رہا، پولیس نے پرنسپل سمیت دو افراد کو گرفتار کرکے ہاسٹل اور اسکول سیل کردیا، میڈیکل رپورٹ میں چار بچوں کیساتھ زیادتی کی تصدیق ہوچکی، پولیس کے مطابق ڈیرہ اللہ یار میں شاہین فورس ریذیڈنشل ماڈل سکول میں مظفر آباد کے رہائشی پرنسپل ملزم محمد ندیم اپنے بھائی اور وارڈن کے ہمراہ ہاسٹل میں رہائش پذیر پانچ بچوں کے ساتھ مبینہ جنسی زیادتی کی پولیس نے بروقت کارروائی کرکے ملزم پرنسپل محمد ندیم اور وارڈن کو گرفتار کرکے ہاسٹل اور اسکول سیل کردیا اور متعلقہ طلباء کے والدین کو اطلاع دیدی گئی اس موقع پر ایس ایس پی جعفرآباد قلات لیفٹیننٹ ریٹائرڈ عطا الرحمٰن ترین نے میڈیا کو بتایا کہ نجی اسکول کے ہاسٹل میں رہائش پذیر پانچ بچوں کے ساتھ جنسی زیادتی کا واقعہ رپورٹ ہوا اور ایک طالب علم نے اپنے والد کے ہمراہ پولیس تھانہ ڈیرہ اللہ یار میں شکایت کی بعدازاں دو مزید طلباء نے تھانے میں رپورٹ کروائی انہوں نے بتایا کہ اب تک چار بچوں کی میڈیکل رپورٹ میں جنسی زیادتی ثابت ہوچکی ہے پرنسپل کا بھائی مفرور ہے جس کی گرفتاری کے لئے مختلف علاقوں میں چھاپے مارے جارہے ہیں انہوں نے کہا کہ ابتدائی تفتیش میں پرنسپل اس کا بھائی اور وارڈن جنسی زیادتی میں ملوث پائے گئے ہیں۔

## ڈیرہ مراد جمالی، مزدوروں پر دستی بم حملہ، ایک جاں بحق، دو زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) گرڈ اسٹیشن کے مقام پر سڑک کی تعمیر کے دوران مزدوروں پر نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے دستی بم پھینک دیا جس سے ایک مزدور جاں بحق اور دو شدید زخمی ہو گئے، واقعہ کے بعد پولیس و سیکورٹی فورسز نے علاقے کی ناکہ بندی کردی تاہم کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی۔

## کوئٹہ، منشیات فروش رنگے ہاتھوں گرفتار

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن اینٹی نارکوٹکس کنٹرول ذیشان رضا کو خفیہ اطلاع ملی تھی کہ منشیات فروش مشرقی بائی پاس منشیات کی سپلائی کررہے ہیں جس پر انچارج انسپکٹر منور احمد کی سربراہی میں ٹیم تشکیل دی گئی جس نے مشرقی بائی پاس پر ناکہ بندی کے دوران ایک موٹرسائیکل سوار کو روکنے کا اشارہ کیا تاہم سوار نے فرار ہونے کی ناکام کوشش کی تلاشی ملزم کو 5 کلو چرس برآمد ہونے پر گرفتار کرلیا گیا۔

## پنجگور: ہوائی فائرنگ سے منع کرنے پر مسلح شخص نے لوگوں پر گولیاں برسادیں، ایک جاں بحق، دو زخمی

پنجگور (نامہ نگار) سراوان خدابادان میں شادی کی تقریب میں فائرنگ سے منع کرنے پر ایک شخص نے اندھا دھند فائرنگ کرکے ایک نوجوان کو ہلاک اور تین کو زخمی کردیا، جاں بحق نوجوان کی شناخت جلیل ولد عبدالغنی جبکہ عاصم ولد مسلم ساکم ولد نعت اور نصیب اللہ ولد عنایت اللہ زخمی ہوگئے ملزم فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا۔

## دالبندین: ڈکیتی و چوری کی وارداتیں ناکام، 7 ملزمان گرفتار

دالبندین (نامہ نگار) لیویز نے گزشتہ شب اسلحہ کے زور پر گاڑی چھیننے والوں کا بروقت تعاقب کرکے 4 ملزمان کو تالو کے مقام پر شدید فائرنگ کے تبادلے کے بعد گرفتار کرلیا ملزمان کی شناخت ظہور احمد، محمد ادریس، لونگ خان اور محمد اسحاق کے نام سے ہوئی ملزمان کے قبضے سے پستول بمعہ میگزین، دو کلو سے زائد حشیش اور مسروقہ سگریٹ بھی برآمد ہوئے اے سی دالبندین عبدالباسط بزدار کے مطابق ملزمان گزشتہ ماہ بھی لیویز پر فائرنگ کرکے فرار ہوگئے تھے دریں اثناء افغان مہاجر کیمپ گردی جنگل میں فورسز کی وردی میں ملبوس تین افراد گھر میں چوری کی نیت سے داخل ہوئے تاہم گھر والوں نے چوروں کو پکڑ کر لیویز کے حوالے کردیا۔


INTEKHAB QUETTA


## قلات، لیویز فورس کی کارروائی چھپر سے مفرور ملزم گرفتار

قلات (نمائندہ انتخاب) ڈپٹی کمشنر قلات لیفٹیننٹ ریٹائرڈ بلال شبیر کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر آفتاب احمد لاسی SHO قلات لیویز منیر احمد مینگل کے زیر نگرانی ایڈیشنل SHO علی احمد بنگلزئی نے نائب رسالدار علی احمد عمرانی اور دیگر لیویز جوانوں کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے چھپر سے مفرور ملزم لعل محمد عرف لعل جان کو گرفتار کرلیا ملزم قلات لیویز کو مقدمہ فرد نمبر 13/2024 بجرم زیر دفعہ 365.511AD۔ بقیہ نمبر1 صفحہ5 پر

337 ق د، 334 ت پ میں مطلوب تھا مزید تفتیش لیویز کے حوالے کردیا گیا۔

## زامران میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص قتل

تربت (بیورو رپورٹ) زامران میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق، ایک زخمی، سرحدی علاقہ زامران سے آمدہ اطلاع کے مطابق گزشتہ شب ناشوئی زامران میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے امام ولد سوالی سکنہ شم سرزیارت کو قتل کردیا جبکہ فائرنگ سے منظور نامی شخص زخمی ہوگیا، ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔


MASHRIQ QUETTA


## کاسی روڈ پر سرکاری اراضی پر قبضہ کے خلاف آپریشن

### میٹروپولیٹن کارپوریشن اور ضلعی انتظامیہ نے قبضہ چھڑا لیا

کوئٹہ (خ ن) کاسی روڈ پر سرکاری اراضی پر قبضہ کرنے والے کے خلاف کارپوریشن کوئٹہ اور میٹروپولیٹن کارپوریشن اور ضلعی انتظامیہ نے مشترکہ آپریشن کرکے قبضہ چھڑا لیا۔ کمشنر کوئٹہ ڈویژن/ ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ محمد حمزہ شفقات کے خصوصی احکامات پر کاسی روڈ پر واقع میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کے سرکاری کوارٹر پر قبضہ چھڑانے کے لئے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) وقار کاکڑ کی سربراہی میں میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ .......... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

کے اسٹیٹ آفیسر ذوالفقار علی، ٹیکسیشن آفیسر رمضان شاہ، اینٹی انکروچمنٹ انچارج علی رضا درانی، ٹیکس سپرنٹنڈنٹ شاہد علی، اسپیشل مجسٹریٹ ضلعی انتظامیہ نے پولیس کے ہمراہ قبضہ مافیا کے خلاف کارروائی کے دوران میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کی اراضی سے قبضہ ختم کرواکر قبضہ میں ملوث افراد کے خلاف ایف آئی آر درج کرلیا گیا

## چاغی میں ہوائی فائرنگ کرنے پر دولہا گرفتار

چاغی (این این آئی) چاغی میں ہوائی فائرنگ کرنے پر دولہا گرفتار۔ لیویز حکام کے مطابق میجر طاہر خان زرکون کی ہدایت پر چاغی کیو آر ایف انچارج گل جان ساسولی، چاغی لیویز تھانہ لائن انچارج عاطف علی سنجرانی.......... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

نے کارروائی کرتے ہوئے چاغی میں ہوائی فائرنگ کرتے پر دولہے کو گرفتار کرلیا، واضح رہے کہ چاغی انتظامیہ کی جانب سے ہوائی فائرنگ کرنے پر مکمل پابندی عائد کی گئی ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No.

Dated: 19 SEP 2024 Page No.


# چیئرمین حب بابو فیض کو کونسلروں کے ہمراہ اغواء کی کوشش، ملازم پر تشدد

پولیس کی مقدمہ درج کرنے میں ٹال مٹول سے کام لینے کی کوشش، ایس پی اسٹیشن سے آؤٹ، ڈی ایس پی میٹنگ کا کہہ کر تھانہ سے چلے گئے

**اطلاع ملتے ہی کونسلرز، مقامی عمائدین اور نوجوانوں کی بڑی تعداد تھانہ پہنچ گئی، چیئرمین نے خود کے قتل کیے جانے کا خدشہ ظاہر کر دیا**

حب (نمائندہ انتخاب) چیئرمین میونسپل کارپوریشن حب قبائلی شخصیت شیخ بابو فیض کو ساتھی کونسلروں کے ہمراہ اغواء کرنے کی کوشش ذاتی ملازم پر نامعلوم افراد کا تشدد حب پولیس کا واقعہ کی FIR درج کرنے میں ٹال مٹول سے کام لینے کی کوشش SP اسٹیشن سے آؤٹ DSP میٹنگ کا کہہ کر تھانے سے چلے گئے واقعہ کی خبر جنگل میں آگ کی طرح پھیل گئی کونسلروں اور مقامی قبائلی عمائدین اور نوجوانوں کی بڑی تعداد تھانہ پہنچ گئی چیئرمین نے خود کے قتل کیے جانے کا خدشہ ظاہر کر دیا پولیس کی طرف سے FIR کے اندراج سے انکار پر آج مقامی کورٹ سے رجوع کرنے کا فیصلہ یہ بات سب کے علم میں ہے کہ واقعہ کے پس پردہ کونسی قوتیں کارفرما ہیں ہم پُرامن لوگ ہیں قانون ہاتھ میں لینے کے بجائے قانون اور آئین کا راستہ اپنائیں گے چیئرمین کی حب سٹی تھانہ کے احاطے میں میڈیا سے بات چیت اس سلسلے میں بتایا جاتا ہے کہ چیئرمین میونسپل کارپوریشن حب قبائلی

بقیہ نمبر 2 صفحہ 5 پر

شخصیت بابو فیض شیخ بدھ کی سہ پہر کو اپنے دو کونسلروں محمد نواز دودا اور ڈاکٹر شیر جان بلوچ کے ہمراہ حب سے کراچی جا رہے تھے کہ زیر تعمیر حب ندی پل کے متبادل کچے راستے میں حب ناکہ پل پولیس چیک پوسٹ سے چند فرلانگ کے فاصلے پر انکی گاڑی کے تعاقب میں آنے والی ایک بلیک ڈبل کیبن گاڑی نے انہیں اوورٹیک کرتے ہوئے اُنکا راستہ روک لیا چیئرمین بابو فیض شیخ کے مطابق جیسے ہی مذکورہ بلیک گاڑی نے اُنکی گاڑی کا راستہ تو اُس میں سے 6 سے 7 سیاہ کپڑوں میں ملبوس بڑے بالوں والے مسلح نوجوانوں نے انکی گاڑی کے قریب آتے ہی گاڑی کے دروازے کھولنے کی کوشش کی تاہم گاڑی کے دروازے لاک ہونے کی وجہ سے وہ دروازے کھولنے میں ناکام ہوئے تاہم انکے ڈرائیور نے کمال ہوشیاری سے وہاں سے گاڑی نکال لی اور آگے جا کر دوسرے راستے سے وہ واپس حب کی طرف آگئے جبکہ اُنکی گاڑی کے ڈالے میں بیٹھے ہوئے انکے ذاتی ملازم کو مسلح افراد نے اُتار لیا اُس پر تشدد کرنے کے بعد اُسے وہاں چھوڑ کر مسلح افراد اپنی گاڑی میں سوار ہو کر فرار ہو گئے بتایا جاتا ہے کہ مذکورہ واقعہ پر SP حب نے SHO سٹی عبدالصمد زہری کو معطل کر کے لائن رپورٹ کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے عبداللہ رونجھو کو عارضی چارج سنبھالنے کی ہدایت دی ہے حرید برآں چیئرمین حب پر حملے اور انہیں اغواء کرنے کی کوشش کے واقعہ کی خبر جنگل میں آگ کی طرح پھیل گئی اور میونسپل کارپوریشن حب کے کونسلروں سمیت مقامی قبائلی عمائدین اور نوجوانوں کی ایک بڑی تعداد بلدیہ ریسٹ ہاؤس کے سامنے جمع ہو گئے بعد ازاں چیئرمین حب بابو فیض شیخ اپنے قانونی مشیر ایڈووکیٹ اقبال جاموٹ کے ہمراہ حب سٹی تھانہ پہنچ گئے اور دیگر لوگ بھی بڑی تعداد میں تھانہ کے سامنے جمع ہو گئے اس موقع پر انھوں نے اپنے اُوپر حملے اور اغواء کی کوشش کرنے میں ملوث نامعلوم افراد کے خلاف قائم مقام SHO کے پاس درخواست جمع کرائی جو کہ کافی دیر انتظار کے بعد SHO نے وصول کی بعد ازاں SHO نے انہیں بتایا کہ وہ اپنے بالا افسران سے رابطے میں ہیں انکی آمد اور مشورے کے بعد ہی وہ مقدمہ درج کرنے کی پوزیشن میں ہوں گے تاہم کافی دیر انتظار کے بعد DSP حب سرکل پولیس حب سٹی تھانہ پہنچے اور بتایا کہ فی الوقت وہ FIR درج نہیں کر سکتے وقتی طور پر انکی درخواست کا تھانے کے روزنامچہ میں درج کر رہے ہیں کیونکہ SP حب بھی شہر سے باہر ہے اور انہیں بھی ایک ضروری میٹنگ میں جانا ہے اور وہ یہ کہہ کر تھانہ سے چلے گئے اس موقع پر چیئرمین بابو فیض شیخ انکے وکیل اقبال جاموٹ اور دیگر قبائلی قائدین نے حب پولیس بالخصوص DSP حب کے رویے کو غیر تسلی بخش قرار دیتے ہوئے پولیس کے رویہ پر تشویش کا اظہار کیا اور کہا کہ اگر پولیس FIR درج نہیں کر سکتی تو روزنامچہ میں اندراج کا بھی کوئی فائدہ نہیں اس موقع پر چیئرمین بابو فیض نے تھانے کے گیٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو میں اپنے قتل کے خدشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ انہیں خدشہ ہے کہ بعض قوتیں انہیں اور انکے خاندان کو نقصان پہنچانے اور قتل کرنے کی کوشش کر رہی ہیں انھوں نے کہا کہ حب پولیس کا رویہ انتہائی افسوسناک ہے کہ جب شہر کے میئر پر حملے اور انہیں اغواء کی کوشش کا مقدمہ درج کرنے میں پولیس ٹال مٹول سے کام لے رہی ہے تو عام آدمی کا کیا ہوگا یہی وجہ ہے کہ حب شہر اسوقت شہر نا پرسان حال بن چکا ہے ڈاکو چور لیٹرے دندناتے پھر رہے ہیں پولیس اب تک انکے اور انکے ساتھیوں اور فیملی ممبران کے خلاف درجنوں من گھڑت FIR درج کر چکی ہیں لیکن آج انکے ساتھ ایک واقعہ رونما ہوا ہے تو پولیس اس سے جان چھڑانے کی کوشش کر رہی ہے انھوں نے کہا کہ پولیس واقعہ پر غیر سنجیدگی کا مظاہرہ کر رہی ہے انکی جان کو خطرہ ہے اگر انکے ساتھ یا انکے کسی ساتھی اور فیملی ممبر کے ساتھ کوئی واقعہ ہوا تو اسکی ذمہ داری حب پولیس پر عائد ہوگی انھوں نے کہا کہ یہ بات سمجھ سے بالاتر ہے کہ حب پولیس قانون اور آئین کی روشنی میں چل رہی ہے یا پھر اسکی ڈوریں کہیں سے ہلائی جا رہی ہیں انھوں نے کہا کہ وہ آئی جی پولیس بلوچستان اور مقتدر اداروں سے اپیل ہے کہ وہ انکی اور انکے ساتھیوں و خاندان کی زندگیوں کو خطرہ ہے لہٰذا وہ نوٹس لیں اور انہیں تحفظ دیا جائے انھوں نے کہا کہ انہیں یہ بات علم میں لائی گئی ہے کہ انہیں قتل کرنے کا منصوبہ بنایا گیا ہے لہٰذا اس حوالے سے چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ وزیر اعلیٰ بلوچستان سے گزارش ہے کہ وہ اس معاملے کا نوٹس لیں انھوں نے کہا کہ آج انکے ساتھ پولیس کا یہ رویہ ہے وہ اپنی فریاد لیکر تھانہ پہنچے ہیں تو پولیس انہیں سننے کے تیار نہیں تو عام آدمی کی ان اداروں میں کیا شنوائی ہوگی انھوں نے کہا کہ انکی کسی کے ساتھ کوئی ذاتی دشمنی نہیں ہے اور تمام اہل حب اور لسبیلہ سمیت یہاں کے سیاسی اکابرین کے علم میں یہ بات ہے کہ انکے ساتھ یہ سب کچھ کون کر رہا ہے پہلے انکے گھر پر پولیس گردی کی گئی اور آج انہیں اغواء کرنے کی کوشش کی گئی انھوں نے کہا کہ آئی جی پولیس اور مقتدر اداروں سے گزارش ہے کہ اس قسم کے لوگوں سے حب کے عوام کی جان چھڑانے کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں انھوں نے مزید کہا کہ وہ چیئرمین حب سے ہٹ کر ایک قبائلی حیثیت رکھتے ہیں لہٰذا وہ جام آف لسبیلہ جام کمال خان، بھوتانی برادران اور اہل حب و لسبیلہ سے گزارش کرتے ہیں کہ وہ ان معاملات کا نوٹس لیں اور حب کے باشندوں کا ساتھ دیں کیونکہ یہ مصیبت آج اُن پر آئی ہے کل دیگر پر بھی آسکتی ہے لہٰذا اکٹھا ہونے کی ضرورت ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 19 SEP 2024 Page No.


پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل کمی

# ٹرانسپورٹ کرایوں میں کمی نہ ہوسکی، مسافروں کو پریشانی، متعلقہ حکام خاموش

## منہ مانگے کرائے طلب کیے جارہے ہیں، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا فائدہ عام آدمی تک منتقل کیا جائے، شہریوں کی گفتگو

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے باوجود صوبائی دارالحکومت میں لوکل پبلک ٹرانسپورٹ و اندرون ملک آنے جانے والی ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں کمی نہ آسکی، حکام خاموش، غریب عوام عاجز آگئے، رپورٹ کے مطابق پٹرول ڈیزل کی قیمتوں میں کمی کے باوجود بھی لوکل ٹرانسپورٹ جس میں رکشہ، سوزوکی مالکان سمیت دیگر ٹرانسپورٹ نے بھی اپنے کرایہ بڑھادیئے ہیں اور منہ مانگے کرایہ طلب کرتے ہیں جس سے مہنگائی تلے دبے عوام کی پریشانی مزید بڑھ گئی ہے اسی طرح کوئٹہ سے اندرون ملک جانے والی ٹرانسپورٹ جس میں کوچز، ٹو ڈی وغیرہ شامل ہیں کے کرایے بھی آسمان سے باتیں کررہے ہیں غریب مسافروں کو سفر میں شدید مشکل کا سامنا ہے یاد رہے کہ لوکل پبلک ٹرانسپورٹ کے ماضی میں کرایوں کے حوالے سے ایک ریٹ لسٹ بھی جاری کی گئی تھی لیکن قابل افسوس امر یہ ہے کہ اس پر کوئی عمل درآمد نہیں ہوسکا، رکشہ، سوزوکی مالکان منہ مانگے کرایے طلب کرتے ہیں عوامی و سماجی حلقوں نے پبلک ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافے اور ٹرانسپورٹ کی ابتر صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حکومت عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں بری طرح ناکام ہوگئی ہے غریب عوام کا کوئی پرسان حال نہیں مہنگائی نے غریب عوام کی کمر توڑدی ہے ایسی صورتحال میں رکشہ سوزوکی مالکان نے بھی کرایہ بڑھادیئے ہیں اور کم سے کم سفر کا بھی کرایہ تین سو روپے سے زائد طلب کرتے ہیں عوامی حلقوں نے محکمہ ٹرانسپورٹ کے حکام سے اپیل کی کہ وہ صورتحال کا نوٹس لیں اور رکشہ سوزوکی سمیت اندرون ملک آنے جانے والی ٹرانسپورٹ کے کرایہ مقرر کریں۔

# حکمران میرے والد کی بازیابی فوری یقینی بنائیں، بیٹی واحد قمبر

## ایران سے لاپتہ ہوئے، پاکستان منتقل کرنے کا شبہ ہے، ادویات نہ ملنے سے زندگی کو خطرات لاحق ہیں، بیٹی کی گفتگو

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) مبینہ طور پر لاپتہ واحد قمبر کی بیٹی مہلب بلوچ نے کہا ہے کہ میرے والد کا بلوچ سیاست میں ایک رہنما کردار رہا، اب ان کی صحت نے انہیں عملی جدوجہد سے دور رکھا، انہیں دن میں کئی مرتبہ ادویات لینے کی ضرورت پڑتی ہے اگر انہیں بروقت نہ ملیں تو ان کی زندگی کو خطرات لاحق ہوں گے، حکمران اپنی ذمہ داری کا ادراک کرتے ہوئے ان کی فوری بازیابی یقینی بنائیں۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ ان کے والد کو بلوچ قومی سیاست میں ان کے کردار کی وجہ سے استاد واحد قمبر کے نام سے پہچانا جاتا ہے۔ میرے والد کو 14 مارچ 2007ء کو ان کے دیگر دوستوں کے ہمراہ گرفتار کرکے نو ماہ تک لاپتہ رکھنے کے بعد دہشت گردی کے بارہ مقدمات قائم کرنے کے بعد منظر عام پر لاکر سی آئی ڈی کے حوالے کیا گیا، 2011ء میں وہ عدالت سے باعزت بری ہوئے تاہم اس کے باوجود گھر پر چھاپے مارے گئے، اس صورتحال نے میرے بزرگ والد کو روپوش رہنے پر مجبور کیا وہ ایک طویل عرصہ تک روپوش رہے اس دوران ان کی صحت مزید کمزور ہوتی رہی، عارضہ قلب میں مبتلا ہونے کے ساتھ انہیں دیگر بیماریاں بھی لاحق ہوئیں، انہیں علاج کیلئے ایران کے شہر کرمان لے جایا گیا علاج کا دورانیہ بڑھنے کی وجہ سے ان کی رہائش کا بھی وہیں بندوبست کیا گیا 19 جولائی 2024ء کو میرے والد گھر کے قریبی دکان سے خریداری کررہے تھے کہ ایک سفید رنگ کی گاڑی میں سوار افراد انہیں زبردستی اپنے ساتھ لے گئے، انہوں نے شبہ ظاہر کیا کہ ان کے والد کو پاکستان منتقل کرکے یہاں رکھا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکمران اپنی ذمہ داری کا ادراک کرتے ہوئے استاد واحد قمبر کی فوری بازیابی یقینی بنائیں۔

# انسداد گداگری سیل غیر فعال، پیشہ ور بھکاری شہریوں کیلئے دردسر بن گئے

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کے مختلف علاقوں میں گداگروں کی بھرمار شہریوں کیلئے دردسر بن گئی۔ تفصیلات کے مطابق شہر کی اہم شاہراہوں تجارتی مراکز مارکیٹوں، بس اسٹاپس، اور ہوٹلوں میں پیشہ ور گداگروں نے ڈیرے جمائے ہوئے ہیں جو شہریوں اور شاپنگ کیلئے آنے والوں کیلئے دردسر بن گئے ہیں گداگر مارکیٹوں ہوٹلوں میں لوگوں کے پیچھے پڑجاتے ہیں اور اس وقت تک پیچھا نہیں چھوڑتے جب تک کے انہیں پیسے نہ دیئے جائیں جبکہ اکثر گلی محلوں میں پھرنے والے گداگر عورتیں بچے چوری کی وارداتوں میں بھی ملوث پائے جاتے ہیں شہر کا کوئی وسطی یا نواحی علاقہ ایسا نہیں جہاں گداگروں کے ٹولے نظر نہ آتے ہوں، نشے کے عادی افراد کی بھی بڑی تعداد نے اس منافع بخش طریقہ واردات کو اپنالیا ہے، ماضی میں گداگر صرف موسم گرما تک ہوتے تھے اب سارا سال گداگر شہر کی گلیوں محلوں میں دندناتے پھرتے ہیں شہریوں کا کہنا ہے کہ شہر کی مارکیٹوں، بازاروں، سڑکوں پر گداگروں نے قبضہ کررکھا ہے، انہوں نے مطالبہ کیا ہے کہ فی الفور شہر کو گداگروں سے پاک کرنے کیلئے اقدامات کیے جائیں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No.

Dated: 19 SEP 2024 Page No.


## بلوچستان میں تعلیمی معیار کی بہتری کیلئے سخت اقدامات کی ضرورت!

بلوچستان میں شرح خواندگی میں تشویشناک کمی کی بجہ ہزاروں کی تعداد میں غیر فعال اسکول ہیں جبکہ اساتذہ کی غیر حاضری بھی ایک اہم وجہ ہے جس کی وجہ سے لاکھوں بچے سکولوں سے باہر ہیں۔ کسی بھی خطے میں تعلیم کی زبوں حالی عاشرے کیلئے تباہ کن ہے جس کے نتائج بہت زیادہ منفی برآمد وتے ہیں جبکہ ترقی وخوشحالی کے ساتھ سماج میں مثبت تبدیلی علیم ہی سے آتی ہے۔ بلوچستان کے نوجوانوں میں تعلیم کی جستجو ہت زیادہ ہے مگر تعلیمی اداروں کی غیر فعالی کے باعث نوجوان سل تعلیم سے محروم ہے حالانکہ 2013ء میں بلوچستان حکومت نے ایک خطیر رقم تعلیم کیلئے مختص کر رکھی تھی مگر اس کے باوجود تعلیم کے میدان میں بلوچستان دیگر صوبوں سے بہت پیچھے ہے جس کی وجہ نچلی سطح پر تعلیمی نظام میں تنزلی ہے۔ اگر اسکولوں میں تمام تر سہولیات کی فراہمی سمیت اساتذہ کی حاضری ممکن بنائی جاتی تو آج ایک دہائی بعد بلوچستان میں شرح تعلیم میں بہت زیادہ اضافہ ہو چکا ہوتا۔ لاکھوں بچوں کے اسکولوں سے باہر ہونے کی تعداد میں بڑے پیمانے پر کمی آتی مگر افسوس کہ تعلیم کیلئے خطیر رقم مختص کرنے کے بعد اس پر توجہ نہ دینے کے باعث بلوچستان میں تعلیمی نظام بری طرح متاثر ہو کر رہ گیا ہے۔ رقم کہاں خرچ ہوئی اس پر کوئی چیک اینڈ بیلنس نہ ہونے کی وجہ سے تعلیمی نظام میں مزید خرابیاں پیدا ہو گئیں۔ موجودہ بلوچستان حکومت نے 3 سال سے غیر حاضر اساتذہ کے خلاف کارروائی کا آغاز کر دیا ہے۔ محکمہ تعلیم کے مطابق 2021 سے غیر حاضر اساتذہ کے خلاف کارروائی کی گئی جس کے تحت 114 غیر حاضر اساتذہ کو ملازمت سے برطرف کر دیا گیا ہے۔ محکمہ تعلیم نے بتایا کہ 998 غیر حاضر اساتذہ کو شوکاز اور 429 کو اظہار وجوہ کے نوٹسز جاری کیے گئے ہیں جب کہ صوبے کے 78 غیر حاضر اساتذہ کو معطل کیا گیا ہے۔ دوسری جانب محکمہ تعلیم بلوچستان کے اعداد وشمار کے مطابق موجودہ حکومت کے دور میں بلوچستان کے مزید 542 اسکولوں پر تالے لگ گئے جس کے بعد صوبے کے غیر فعال اسکولوں کی تعداد بڑھ کر 3694 ہو گئی۔ یہ بہت بڑا المیہ ہے کہ اسکول مسلسل بندش کا شکار ہو رہے ہیں جس سے بلوچستان آنے والی دہائیوں میں تعلیم کے میدان میں مزید پیچھے چلا جائے گا۔ موجودہ حکومت اسکولوں کی بحالی سمیت اساتذہ کی کمی کو پورا کرنے کے ساتھ ان کی حاضری یقینی بنانے کیلئے سخت اقدامات اٹھائے اور تعلیم پر کوئی سمجھوتہ نہ کرتے ہوئے خلاف ورزی پر ایکشن لے تاکہ بلوچستان میں معیار تعلیم میں نہ صرف بہتری آئے بلکہ بچوں کیلئے ایسا ماحول پیدا کیا جائے کہ والدین اپنے بچوں کے اسکولوں میں داخلے کو یقینی بنائیں۔ معاشرے کی ترقی اور مثبت تبدیلی میں تعلیم مرکزی حیثیت رکھتی ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Balochistan Time Quetta

Bullet No.

Dated: 19 SEP 2024 Page No.

# Exploiting children

The Balochistan Child Protection Commission's recent concerns about children being used as human shields in protests and sit-ins are alarming and heartbreaking. This disturbing trend not only violates children's rights but also puts their safety and security at risk, undermining their right to protection and security as outlined in national legislation and Article 19 of the United Nations Convention on the Rights of the Child.

It's unacceptable that children are being exploited in this manner, and the commission's call for stringent action against those responsible is a step in the right direction.

The government must take immediate measures to prevent minors from being involved in protests or activities that jeopardize their safety and integrity.

The situation is further complicated by the presence of children in rallies and protest camps, demanding the recovery of their missing fathers. Unfortunately, it has been more than a decade since Balochistan province is in trouble owing to ongoing insurgency due to which a number of families had to migrate to other parts of the province. The internally displacement of families has inflicted serious impacts upon education and health of children. Besides, owing to incidents of missing persons, it has been observed that children joined protest camps rallies to play a role for recovery of their beloved fathers and other relatives. Thus a large number of children have lost their education and childhood through participating in protest camps. It's essential that the government ensures children's rights are protected and their education remains uninterrupted. The political parties must play their due role in protecting the rights of children and discourage any kind of exploitation of children.

Unfortunately, Balochistan is home to a significant population of children who are vulnerable to exploitation, abuse, and neglect. Despite national and international laws safeguarding children's rights, the reality on the ground tells a different story. It is imperative that we address the glaring disparities in protecting children's rights in Balochistan.

It is essential that the government must take stringent action against those responsible for exploiting children and ensure children's rights are protected, and their education remains uninterrupted. There is a need to raise awareness about the risks of involving children in protests and the importance of protecting their rights.

It's crucial that we prioritize children's well-being and safety, ensuring they receive the protection and education they deserve. The government, political and social organizations, and the community must work together to prevent child exploitation and protect children's right.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 19 SEP 2024 Page No.




صوبائی وزراء شعیب نوشیروانی اور راحیلہ درانی یونیورسٹی فنانس کمیشن اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



کوئٹہ: وزیر تعلیم راحیلہ درانی اور وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی یونیورسٹی فنانس کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 19 SEP 2024 Page No.



کوئٹہ: چیف سیکرٹری شکیل قادر خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



کوئٹہ: چیف سیکرٹری شکیل قادر خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں